राज्य शैक्षणिक संशोधन व
प्रशिक्षण परिषद, महाराष्ट्र

پڑھنے کا معیار ۲

ہنس مکھ چاچا کا انوکھا سفر

Original Publisher: Pratham Books
Authors: Mala Kumar, Manisha Chaudhry
Illustrator: Satya Krishna Prakash
Translator: Mohammed Zaheeruddin Ahmeduddin

ہنس مکھ چاچا کو اپنے گھر کے قریب جنگل میں گھومنا اچّھا لگتا تھا۔

ان کے بچّے انھیں کہتے، ''اندھیرا ہونے پر وہاں مت جایا کرو، کبھی کوئی جانور مل گیا تو؟'' لیکن ہنس مکھ چاچا ان کی ایک نہ سنتے۔ وہ کہتے، ''گھوموگے پھروگے نہیں تو کچھ نیا سیکھنے کو کیسے ملے گا؟''

ایک دن ہنس مکھ چاچا نے جنگل میں ایک گرا ہوا درخت دیکھا۔ قریب ہی چٹان پر ایک عجیب سی چیز بیٹھی تھی۔ شاید وہ رو رہی تھی۔ ''کیا بات ہے ہریا ہّروجی؟''
چاچا نے پیار سے پوچھا۔ ''درو' بے دودوبی اوڑا بڑا''، اپنے ہاتھ ہِلا ہِلا کر اس چیز نے ایک عجیب سی تصویر دکھائی۔

ہنس مُکھ چاچا نے اندازہ لگایا (جیسے وہ کہہ رہا ہے)، ’’میں اپنے خلائی جہاز سے گر گیا اور اس درخت پر آگرا۔ کیا آپ جہاز تلاش کرنے میں میری مدد کریں گے؟‘‘ ہنس مکھ چاچا کو نئے کارنامے کرنا بہت اچھا لگتا تھا۔ کیونکہ وہ عجیب سی چیز چل نہیں سکتی تھی، اس لیے ہنس مکھ چاچا اسے اٹھائے ہوئے خلائی جہاز تلاش کرنے لگے۔ وہ رات کے کھانے سے پہلے گھر بھی پہنچنا چاہتے تھے۔

اچانک ہریا ہَرو چاچا کے کندھے سے چیختے ہوئے نیچے کود پڑا۔ ''اُگّرال اِگّرال جونگ جِلّی جونگ۔'' سامنے ایک اور عجیب سی چیز تھی۔ ایک ناؤ کے اوپر خیمے جیسا کچھ تھا۔ ہمارے ہنس مکھ چاچا اُس کی بڑبڑاہٹ کا مطلب سمجھ گئے۔ ''مِل گیا، مل گیا، میرا جہاز مل گیا۔''

ہریا ہرِو فوراًاس جہاز میں بیٹھ گیا۔ہنس مکھ چاچا بھی اس کے ساتھ بیٹھ گئے۔رات کا کھانا تو وہ بھول ہی گئے تھے۔ تبھی اچانک ایک زور کی آواز کے ساتھ وہ خلائی جہاز اڑنے لگا۔ویسے تو ہنس مکھ چاچا کو مہم جوئی پسند تھی لیکن اب آنھیں ڈر لگ رہا تھا۔کہیں جہاز کسی درخت میں اٹک نہ جائے۔

جہاز اوپر اڑتا جا رہا تھا۔

''ترَا برَا جنگا بنگا۔'' ہریا ہرو خوشی سے چلاّیا۔

ہنس مکھ چاچا کو لگا شاید وہ ''عطارد، زہرہ، مریخ، مشتری'' کہہ رہا ہے۔ اب ان کا ڈر بھی دور ہو رہا تھا اور انھیں مزہ آرہا تھا کیوں کہ وہ آسمان میں اتنی بلندی پر کبھی نہیں گئے تھے۔ کیا پتہ وہ دو چار تارے بھی توڑ کر گھر لے آئیں!

پیارے بچو،

کیا ہنس مکھ چاچا نے تارے توڑے ہوں گے؟

تارے زمین سے کتنی دور ہیں؟

اگر آپ کو موقع ملتا کہ آپ کہیں بھی جا سکتے

تو آپ کہاں جاتے؟

Story Attribution:

This story: ہنس مکھ چاچا کا انوکھا سفر is translated by Mohammed Zaheeruddin Ahmeduddin . The © for this translation lies with Pratham Books, 2023. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Mr. Anand has an Adventure', by Mala Kumar, Manisha Chaudhry . © Pratham Books , 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Images Attributions:

Cover page: Little green dinosaur jumping in joy pointing at a strange boat with a tent cover on top of it, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Old man walking with aplomb and joy, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Old man surprised by a green creature on his way who starts talking to him, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Old man and a little green dinosaur searching for something everywhere, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Little green dinosaur jumping in joy looking at a strange boat with a tent cover on top of it, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: A strange spaceship launching off , by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Old man with a little green creature in a spaceship flying in space, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Old man with a little green dinosaur in a spaceship flying in space, by Satya Krishna Prakash © Pratham Books, 2015. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

ہنس مکھ چاچا کا انوکھا سفر

(Urdu)

ہنس مکھ چاچا کو گھومنا بہت پسند تھا۔ نئے نئے کارنامے کرنے کو جو ملتا ہے۔ اس انوکھے سفر میں تو ایک نئی زبان بھی سیکھ لی۔ آئیے آپ بھی سیکھیے۔

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.